باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified | مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد: 24 | منگل 16 ذوالحجہ 1447ھ 02 جون 2026ء | شمارہ: 123
https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے ازراہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے، تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

چیئرمین PTI بیرسٹر گوہر انتخابی مہم کیلئے گلگت بلتستان پہنچ گئے

مجھے امید ہے گلگت بلتستان کے لوگ 7 جون کو خان کے نام پر ہمارے اُمیدواروں کو کامیاب بنائیں گے یہ انتخاب محض اقتدار کے حصول کی جدوجہد نہیں بلکہ گلگت بلتستان میں جمہوریت کے تعین کا فیصلہ ہے

وجود اس کے کہ ہم سے ہمارا انتخابی نشان لے لیا گیا، لیڈرز کو روکا گیا صوبہ بدر کیے گئے، یکساں توڑ دور، محض آزادانہ مہم کی اجازت بھی نہیں، باقی سارے بغیر روک ٹوک کے لگے ہوئے ہیں، گویا ہم محب وطن نہیں گویا ہم پاکستانی نہیں، لیکن اس کا فیصلہ ہم عوام پر چھوڑتے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان انتخابی مہم کے لیے اسکردو پہنچ گئے، جہاں پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے ان کا استقبال کیا۔ ذرائع کے مطابق بیرسٹر گوہر گلگت بلتستان میں مختلف انتخابی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے، جہاں وہ آج اسکردو اور بعد ازاں دیگر علاقوں کا دورہ کریں گے۔ اس حوالے سے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر جاری اپنے بیان میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اس وقت میں اسکردو گلگت بلتستان الیکشن مہم کے لیے پہنچ گیا ہوں۔ یہ انتخاب محض اقتدار کے حصول کی جدوجہد نہیں بلکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر



سہیل راجپوت کی سندھ محتسب کی سالانہ کارکردگی رپورٹ وزیراعلیٰ سندھ کو پیش

سال 2025 کے دوران سندھ محتسب کو 25 ہزار 217 عوامی شکایات موصول ہوئیں، مراد علی شاہ کو بریفنگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے صوبائی محتسب اعلیٰ ڈاکٹر سہیل راجپوت نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کی اور ادارے کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق سال 2025 کے دوران سندھ محتسب کو 25 ہزار 217 عوامی شکایات موصول ہوئیں، جو گزشتہ برسوں کے مقابلے میں 236 فیصد اضافہ ہے۔ محتسب ادارے نے 8 ہزار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پولیس کمپیوٹرڈ ڈیپارٹمنٹ اہلکاروں کی ترقی کا کیس، آئی جی سندھ کا جواب جمع

درخواست گزار اہلکاروں کی اگلے گریڈ میں ترقی کے لیے مطلوبہ سروس مدت مکمل نہیں ہوئی، جواب میں موقف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ میں محکمہ پولیس کے کمپیوٹرڈ ڈیپارٹمنٹ کے دس سے زائد اہلکاروں کی ترقی سے متعلق درخواست کی سماعت کے دوران آئی جی سندھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ایل پی جی کی فی کلو قیمت میں 4 روپے 95 پیسے کا اضافہ

کراچی (این این آئی) لیکویفائیڈ پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی فی کلو قیمت میں 4 روپے 95 پیسے کا اضافہ کر دیا گیا۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ایل پی جی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

سندھ کو پانی کی کمی، زراعت اور معیشت کی تباہی ہے، عبدالرزاق عابد لاکھو

جیکب آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام کے مرکزی سالار عبدالرزاق عابد لاکھو نے کہا ہے کہ سندھ کو 28 فیصد پانی کم فراہم کرنا اور پنجاب کے کینالوں کو اپنے حصے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سندھ ہائیکورٹ اور ماتحت عدالتوں میں موسمِ گرما کی تعطیلات کا آغاز

تعطیلات کے دوران اہم نوعیت کے مقدمات کی سماعت کے لیے خصوصی بینچز تشکیل دے دیے گئے

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ اور صوبے بھر کی ماتحت عدالتوں میں موسمِ گرما کی تعطیلات کا آغاز ہو گیا ہے جو یکم جون سے 2 اگست 2026 تک جاری رہیں گی۔ رجسٹرار سندھ ہائیکورٹ کی جانب سے جاری سرکولر کے مطابق تعطیلات کے دوران اہم نوعیت کے مقدمات کی سماعت کے لیے خصوصی بینچز تشکیل دیے گئے ہیں۔ سندھ ہائیکورٹ کے علاوہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

15 جون تک ٹیکس ریفنڈ کے تمام کیسز نمٹا دیے جائیں، ملک بھر کے تاجروں سے ملاقات، پرال کا دفتر کراچی منتقل کرنے کی ہدایت، گجرات میں پاسپورٹ آفس قائم کرنے کی منظوری، آئندہ وفاقی بجٹ، صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافے اور معیشت کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

وزیراعظم سے ملک بھر کی کاروباری برادری کی خوشگوار ملاقات

حکومت کی مسلسل محنت اور مؤثر پالیسیوں کے باعث ملکی معیشت کو استحکام ملا ہے اور اب تیز تر معاشی ترقی کے حصول کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال بھی اعلیٰ حکام کے ہمراہ موجود

فہیم الرحمٰن سہگل، عثمان شوکت، سردار طاہر محمود، ریحان حنیف، عاطف اکرام شیخ، ایس ایم تنویر، جاوید بلوانی، محمد اورنگزیب، علی پرویز ملک، ڈاکٹر گوہر اعجاز، فاروق یوسف شیخ سمیت سرحد، کوئٹہ، گجرات، گجرانوالہ اور سیالکوٹ چیمبرز کے صدر اور اعلیٰ نمائندگان بھی شریک

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیراعظم سے ملک بھر کی کاروباری برادری نے ملاقات کی، وزیراعظم نے ٹیکس ریفنڈز 15 جون تک نمٹانے اور پرال کا دفتر کراچی منتقل کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملک بھر کے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی اعلیٰ قیادت کے وفد نے ملاقات کی جس میں آئندہ وفاقی بجٹ، صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافے اور معیشت کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان بھر کے چیمبرز اور فیڈریشن کے اعلیٰ عہدیداران اہم ملاقات کر رہے ہیں

انمول عرف پنکی کیس، شریک ملزمان کی ضمانت پر فیصلہ محفوظ

کراچی (این این آئی) سیشن عدالت جنوبی میں منشیات فروش انمول عرف پنکی اور دیگر کے خلاف منشیات کے مقدمے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

فیکٹری میں آتشزدگی سے مشینری اور دیگر سامان جل کر تباہ

کراچی (این این آئی) بلدیہ رشید آباد کے علاقے میں لوم فیکٹری میں آتشزدگی کے باعث بھاری مالیت کی مشینری اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کراچی، ٹریفک حادثوں اور فائرنگ کے واقعہ میں دو شخص جاں بحق، ایک کمسن بچہ زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں مختلف مقامات پر پیش آنے والے ٹریفک حادثات اور فائرنگ کے واقعات میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

انمول عرف پنکی کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کرنے کی درخواست

سیکیورٹی خدشات کے باعث ملزمہ کو عدالت میں پیش کرنا ممکن نہیں، سینئر سپرنٹنڈنٹ وومن جیل

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت میں منشیات فروش انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات اور غیر قانونی اسلحے کے مقدمات میں جیل حکام نے ملزمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ورکرز ویلفیئر بورڈ میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے خلاف درخواست پر نوٹس

پبلک سیکٹر اداروں میں براہ راست بھرتیاں نہیں کی جا سکتیں، لہٰذا حالیہ تقرریوں کو غیر قانونی قرار دے کر کالعدم کیا جائے، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے سندھ ورکرز ویلفیئر بورڈ میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے خلاف دائر درخواست پر چیف سیکریٹری سندھ اور سیکریٹری ورکرز ویلفیئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

والدین کی محبت، قربانی اور تربیت ایک مضبوط اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے، وزیراعلیٰ سندھ

بچوں کی بہتر پرورش اور روشن مستقبل کی تعمیر میں والدین کا کردار سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے، عالمی یوم والدین پر پیغام

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم والدین کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ رواں سال عالمی یوم والدین کی تھیم ٹوگیدر فار پیرنٹس رکھی گئی ہے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

طبی فضلہ مکمل طور پر تلف نہ ہونے کا انکشاف

مہلک امراض پھیلنے کا خدشہ

کراچی (بزنس رپورٹر) شہر کے متعلقہ اداروں اور اسپتالوں کی انتظامیہ کی غفلت سے طبی فضلہ مکمل طور پر تلف نہیں کیا جا رہا اور اس کا بیشتر حصہ عام کچرے میں شامل کر کے علاقوں کی کچرا کنڈیوں، ساحل سمندر اور دیگر مقامات پر ڈالا جا رہا ہے یا اسپتالوں کی ہو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

عارف بالاگام والا نے بوسٹن ورلڈ اسٹیمپ ایکسپو میں تاریخ رقم کر دی

کورٹ آف آنر کے لیے ورلڈ اسٹیمپ نمائشوں میں مختلف ادوار میں 3 گولڈ میڈلز، 3 لارج گولڈ میڈلز حاصل کرنا ضروری ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی کے معروف تاجر، فلاٹیلسٹ عارف بالاگام والا (تمغہ امتیاز) نے امریکا کے شہر بوسٹن میں منعقد ہونے والی بوسٹن ورلڈ اسٹیمپ ایکسپو 2026 میں ''کورٹ آف آنر'' کا اعزاز حاصل کر کے تاریخی کارنامہ انجام دیتے ہوئے دنیا بھر میں پاکستان کا سر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پی ٹی آئی کو آزادانہ انتخابی مہم چلانے کا مکمل حق دیا جائے: منصور احمد شیخ

گلگت بلتستان انتخابات کو متنازعہ بنانے کی کوشش ملک کے مفاد میں نہیں، چیئرمین صدر ٹاؤن

گلگت انتخابی عمل کو ہر قسم کی مداخلت سے پاک رکھا جائے تاکہ عوام کا حقیقی مینڈیٹ سامنے آ سکے

کراچی (این این آئی) پی ٹی آئی کراچی ڈویژن کے سینئر نائب صدر و چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ نے انصاف ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے گلگت بلتستان کے انتخابات کو کسی بھی صورت متنازعہ بنانے سے گریز کیا جائے اور ایک شفاف، غیر جانبدار اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

کراچی: خاتون پولیس افسر کا ساتھی اہلکاروں پر تفتیش میں رکاوٹ ڈالنے کا الزام

خاتون تفتیشی افسر کے الزامات کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور انکوائری رپورٹ کی روشنی میں مزید کارروائی کی جائے گی، ڈی آئی جی ساؤتھ

کراچی (این این آئی) کراچی میں ایک خاتون تفتیشی پولیس افسر نے اپنے ساتھی افسران اور اہلکاروں پر تفتیش میں رکاوٹ ڈالنے کا الزام عائد کر دیا۔ خاتون افسر نے ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پاکستانی مسافروں کیلئے خوشخبری سعودیہ کی پہلی ایئر بس کی اڑان تیار

سعودیہ مشرق وسطیٰ و افریقہ میں یہ طویل فاصلے طے کرنے والے طیارے حاصل کرنے والی پہلی فضائی کمپنی بن گئی، ڈی جی انجینئر ابراہیم العمر

ہم اپنے فضائی بیڑے میں اضافہ کیلئے مسلسل کوشاں ہیں، ہماری توجہ صرف صلاحیتوں میں اضافے پر نہیں بلکہ طیاروں، مصنوعات اور صلاحیتوں پر ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) سعودی عرب کی قومی فضائی کمپنی سعودیہ کو پہلے ایئر بس A321XLR طیارے کی ڈیلیوری موصول ہو گئی ہے، جس کے بعد سعودیہ مشرق وسطیٰ و افریقہ میں یہ طویل فاصلے طے کرنے والے body-narrow طیارے حاصل کرنے والی پہلی فضائی کمپنی بن گئی ہے۔ یہ سنگ میل سعودیہ کے فضائی بیڑے میں اضافے کے پروگرام کی عکاسی کرتا ہے اور جدید طیاروں کے ماڈلز میں مسلسل سرمایہ کاری کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

سعودیہ گروپ کے ڈی جی انجینئر ابراہیم العمر پہلی فضائی ایئر بس حاصل کرنے کے معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

گیٹس فارما کے ایگزیکٹیو چیئرمین خالد محمود، مصنف ڈاکٹر نعمان نیاز کا کتاب متھ اینڈ ریئلٹی کی شاندار تقریب رونمائی کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

گیٹس فارما میں ڈاکٹر نعمان نیاز کی کتاب کی تقریب رونمائی

ذیابیطس محض ایک طبی بیماری نہیں بلکہ ایک سماجی، جذباتی اور قومی چیلنج ہے پاکستانی اس بیماری کو سمجھیں، مصنف کا خطاب

صحت کی دیکھ بھال صرف ادویات تک محدود نہیں بلکہ آگاہی، رسائی، احتیاطی تدابیر اور مسلسل عوامی رابطہ بھی شامل ہیں، ایگزیکٹیو چیئرمین خالد محمود

کراچی (بزنس رپورٹر) گیٹس فارما نے اپنی آسٹولا فیسلٹی آڈیٹوریم میں ڈاکٹر نعمان نیاز کی کتاب ''متھ اینڈ ریئلٹی: ٹائپ ٹو ڈائبیٹیز اینڈ ڈیزیز امپیکٹ اِن پاکستان'' کی تقریبِ رونمائی کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں طب، ثقافت، میڈیا اور عوامی زندگی سے تعلق رکھنے والی نمایاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

بجٹ میں نجی شعبے اور برآمدات پر خصوصی توجہ دی جائے، افتخار علی ملک

مہنگائی اور قوت خرید میں کمی کے باعث عام آدمی کو مشکلات کا سامنا ہے

مستقل اور دانشمندانہ معاشی پالیسیاں ہی ملک کو معاشی بحران سے نکال سکتی ہیں، سابق صدر سارک چیمبر



لاہور (کامرس رپورٹر) سابق صدر سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری افتخار علی ملک نے کہا ہے کہ معیشت کی طویل المدتی اور تیز رفتار ترقی کی راہ میں حائل ساختی مسائل کو فوری طور پر حل کرنے اور نجی شعبے کے استحکام اور برآمدات کے فروغ پر آئندہ بجٹ میں خصوصی توجہ دی جائے۔ اتوار کو ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت کا حجم 452 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکا ہے جبکہ فی کس آمدنی 1901 ڈالر تک پہنچ گئی ہے، تاہم مہنگائی، جمود کا شکار اجرتوں اور قوت خرید میں کمی کے باعث عام آدمی اب بھی مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

سی ایم ہاؤس کمپلینٹ سیل میں عوامی شکایات کے فوری ازالے کا سلسلہ جاری

صوبائی وزیر برائے اوقاف، مذہبی امور، زکوٰۃ و عشر سید ریاض حسین شاہ نے کمپلینٹ سیل کا دورہ کیا اور شہریوں کے مسائل سنے

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی ہدایت پر سی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت، ڈپٹی پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں، زاہد سعید، زاہد حمید، زبیر طفیل، ڈاکٹر فہد شفیق، اشتیاق بیگ بھی ہمراہ موجود ہیں

وزیراعظم سے کاٹی کے تجارتی وفد کی خصوصی ملاقات کرائی جائے گی

رانا مشہود خان

نوجوان ملک کا اثاثہ، انڈسٹری اور ہنرمند افراد کے درمیان مضبوط روابط ناگزیر ہیں، صدر کاٹی محمد اکرام راجپوت

زبیر چھایا، زبیر طفیل، زاہد سعید، زاہد حمید، ڈاکٹر فہد شفیق، اشتیاق بیگ، محمد طلحہ اعلیٰ، جنید نقی، سلیم الزماں اور مسعود نقی کی خاص شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیراعظم کے پوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود نے کہا ہے کہ وزیراعظم سے کاٹی کے صنعتکاروں کے وفد کی خصوصی ملاقات کرائی جائے گی جس میں وہ صنعتی ترقی کیلئے اپنی تجاویز براہ راست وزیراعظم کو پیش کر سکتے ہیں۔ وفاق کی جانب سے انفرا اسٹرکچر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

خواتین کی نازیبا ویڈیو بنا کر ہراساں کرنے والا ملزم گرفتار

کراچی (این این آئی) خواتین کی نازیبا ویڈیوز بنا کر ہراساں کرنے والے ملزم کو ساؤتھ زون پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ ترجمان ڈی آئی جی ساؤتھ زون کراچی کے مطابق خاتون کی نازیبا ویڈیوز بنا کر ہراساں کرنے سے متعلق موصول ہونے والی شکایت پر پولیس نے فوری کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 4 زخمیوں سمیت 6 ڈاکو گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس کی جانب سے مبینہ مقابلوں کے دوران 6 ڈاکوں کو گرفتار کر لیا گیا جن میں 4 زخمی حالت میں شامل ہیں۔ کارروائیاں بلال کالونی، بن قاسم، سرسید اور کورنگی انڈسٹریل ایریا پولیس کی جانب سے کی گئیں۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ایس ای سی پی نے سٹیفکیٹ آف اسٹیچوٹری کمپلائنس، فریم ورک متعارف کرا دیا

سٹیفکیٹ ایس ای سی پی کے ریکارڈ کی بنیاد پر اس بات کی تصدیق فراہم کرے گا کہ کمپنی کے خلاف کسی قسم کی کمپلائنس یا دیگر شکایات موجود نہیں

کراچی (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے 'سٹیفکیٹ آف اسٹیچوٹری کمپلائنس' کے نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ سٹیفکیٹ اس بات کی تصدیق کرے گا کہ کمپنی ایس ای سی پی ریکارڈ کے مطابق رجسٹرڈ، فعال اور قانونی تقاضے پورے کرتی ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کراچی میں بجلی بحران؛ الیکٹرک بس سروس متاثر، روٹس معطل ہونے کا خدشہ

گزشتہ 3 روز سے مہران ڈپو کو بجلی کی فراہمی معطل ہے، جس کے نتیجے میں الیکٹرک بسوں کو چارج کرنے کا عمل متاثر ہوا، انتظامیہ

کراچی (این این آئی) کراچی میں جاری غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے اثرات اب شہری ٹرانسپورٹ نظام پر بھی نمایاں ہونے لگے ہیں، جہاں بجلی کی عدم دستیابی کے باعث الیکٹرک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ایم کیو ایم پاکستان کا بہادر آباد دفتر بھی قبضے کی جگہ پر بنا ہوا ہے، جماعت اسلامی

کراچی کی بربادی میں ایم کیو ایم پی پی کے شانہ بشانہ نظر آتی ہے، سیف الدین ایڈووکیٹ

کراچی (این این آئی) قائم مقام امیر جماعت اسلامی کراچی سیف الدین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اسلم پولانی کی آئی جی جاوید عالم اوڈھو سے خصوصی ملاقات

کاروباری برادری کی کوشش ہے سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کیا

کراچی ہول سیل فارما آرگنائزیشن جاوید عالم اوڈھو کے ساتھ کھڑی ہے، اسلم پولانی

کراچی (بزنس رپورٹر) ہول سیل کراچی فارما آرگنائزیشن کے سیکرٹری اسلم پولانی کی آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سے ملاقات، امن وامان کی صورتحال پر 1 تبادلہ خیال کیا گیا تفصیلات کے مطابق ہول سیل کراچی فارما آرگنائزیشن کے سیکرٹری اسلم پولانی نے آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سے ملاقات کی اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر سندھ بھر میں امن وامان کی صورتحال | پر آئی جی سندھ کو کارکردگی کو سراہا، اسلم پولانی نے کہا کہ کاروباری برادری کی ہمیشہ کوشش ہوتی ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

جامعہ کراچی؛ اساتذہ کا ایک ماہ سے امتحانات کا بائیکاٹ، 50 ہزار طلبہ ذہنی اذیت میں مبتلا

بروقت فیس ادائیگی کے باوجود طلبہ پڑھائی سے محروم، امتحانات کا پتا نہ مستقبل واضح ہے، طلبہ پریشان

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی میں اساتذہ کی جانب سے سمسٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

خلیفہ دربار غوث الاعظم ممتاز عالم دین حافظ غلام محمد قادری محمودی المعروف بابا سائیں، محسن اہلسنت سماجی وفلاحی شخصیت اور برکاتی فاؤنڈیشن کے روح رواں ڈاکٹر حاجی محمد رفیق پردیسی کا سندھ میں اپنے آبائی شہر سجاول میں استقبال کے موقع پر شال پہنا رہے ہیں دوسری جانب دونوں شخصیات محو گفتگو ہیں

روزنامہ قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ "قوم کی آواز" کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

ٹیکس ریوینو میں کمی۔۔۔!

رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں ٹیکس شارٹ فال 860 ارب روپے سے زائد ہونے کا امکان ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) ٹیکس ریونیو کا ماہانہ ہدف پورا کرنے میں ناکام نظر آرہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مئی 2026ء میں ٹیکس وصولی کا ہدف 1150 ارب روپے تھا تاہم ایف بی آر اب تک 965 ارب روپے ہی ٹیکس جمع کر پایا ہے، اسے مئی کے محصولات میں 185 سے 190 ارب روپے کمی کا سامنا تھا جبکہ ایف بی آر حکام کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں 683 ارب روپے کا شارٹ فال تھا۔ رواں مالی سال ایف بی آر کا سالانہ ہدف 14 ہزار 131 ارب روپے مقرر تھا تاہم آئی ایم ایف کی مشاورت سے اِسے کم کرکے 13 ہزار 989 ارب کر دیا گیا۔ سالانہ ہدف پر نظر ثانی اور کمی کے باوجود محاصل جمع کرنے میں مشکلات کا سامنا رہا۔ ٹیکس محاصل میں کمی کے باوجود آئندہ مالی سال (2026-27ء) ایف بی آر کا سالانہ ٹیکس ہدف 15 ہزار 267 ارب رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے کمزور ٹیکس وصولی ہی کے پیش نظر حکومت پاکستان کو تجویز دی کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) کی معیاری شرح 18 فیصد سے بڑھا کر 19 فیصد کی جائے۔ پاکستانی حکام اب تک اِس تجویز کی مخالفت کر رہے ہیں، اُن کا موقف ہے کہ اِس سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا، جی ایس ٹی میں مجوزہ اضافے سے سولر پینل اور الیکٹرک کاروں سمیت ہر چیز مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ میڈیا ذرائع کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف نے یہ تجویز اِس لئے دی کیونکہ صرف ایک فیصد اضافے سے حکومت کو 300 ارب روپے اضافی مل سکتے ہیں۔ وزارتِ صنعت اور پیداوار کے حکام کا کہنا تھا کہ اضافے کی تجویز زیرِ غور ضرور ہے لیکن کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا جبکہ وزارتِ خزانہ کے حکام اور چیئرمین ایف بی آر کا موقف تھا کہ ایسی کوئی تجویز زیرِ غور نہیں۔ نئے بجٹ میں ہائبرڈ گاڑیوں پر سیلز ٹیکس کی موجودہ آٹھ فیصد شرح کو بڑھا کر 18 فیصد کرنے اور الیکٹرک گاڑیوں پر ٹیکس کی شرح ایک فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ اِسی طرح سولر پینل پر جی ایس ٹی کی شرح 10 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کیے جانے کا امکان ہے۔ اِن تجاویز پر عملدرآمد کی صورت میں الیکٹرک کاریں، موٹر سائیکلیں، رکشے، ٹرک، بسیں بلکہ الیکٹرک پک اَپ، ٹریکٹر اور ڈبل کیبن گاڑیوں کی قیمتیں بھی نمایاں طور پر بڑھ جائیں گی۔ صارفین سستی اور ماحول دوست گاڑیوں کی طرف منتقلی کے بجائے مہنگائی کی زد میں آسکتے ہیں۔

یونین کمیٹی 8 کے یوسی چیئرمین حاجی محمد علی نے پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت سے میئر میرپورخاص عبدالرؤف غوری کو فوری طور پر ہٹانے کا مطالبہ کردیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) یونین کمیٹی 8 کے یوسی چیئرمین حاجی محمد علی نے پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت سے میئر میرپورخاص عبدالرؤف غوری کو فوری طور پر ہٹانے کا مطالبہ کر دیا۔ میئر نے مجھے بدنام کرنے کے لئے میگا نالے کا رخ غریب آباد تھانے کی جانب موڑ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

نوجوانوں کو پی ٹی آئی میں شمولیت کرنے پر خوش آمدید کہتا ہوں، راز خان پٹھان

جیکب آباد کے نوجوانوں کی بڑی تعداد عمران خان کے نظریہ سے متاثر ہوکر تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کرلی ہے

جیکب آباد (نامہ نگار) صوبائی رہنما پاکستان تحریک انصاف سندھ راز خان پٹھان کی قیادت میں نوجوانوں خراب الدین عباسی، راجہ علی گھر، کامران چیچوھو، ذیشان کھوسو، سجاد میراثی، ایاز چاچڑ، جلال الدین انڑ، بلال لاشاری، ریحان لغھر، ظفر علی، احسان علی، سعید عباسی، وارث، زوہیب احمد، اور دیگر نے عمران خان کے نظریے سے متاثر ہوکر تحریک انصاف میں باقاعدہ اعلان کیا آس موقع پر راز خان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

عیدالاضحیٰ کے بعد شہریوں کا میرپورخاص واٹر پارک کا رخ کرلیا، مختلف واٹر رائیڈز پر بچوں اور نوجوانوں کی گہما گہمی عروج پر

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) عیدالاضحیٰ کے بعد شہریوں کا میرپورخاص واٹر پارک کا رخ کرلیا۔ عیدالاضحیٰ ختم ہوتے ہی شدید گرمی کے باعث شہریوں کی بڑی تعداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

ایس ایس پی میرپورخاص سید فدا حسین شاہ کی قیادت میں پولیس کی گزشتہ 7 دنوں کے دوران ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) ایس ایس پی میرپورخاص سید فدا حسین شاہ کی قیادت میں میرپورخاص پولیس کی گذشتہ 7 دنوں کے دوران ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن۔ ایس ایس پی میرپورخاص سید فدا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

میڈیا کی نشاندہی پر ایس ایس پی میرپورخاص سید فدا حسین شاہ کی کارروائی، جرائم پیشہ عناصر گرفتار

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میڈیا کی نشاندہی پر ایس ایس پی میرپورخاص سید فدا حسین شاہ کی کارروائی۔ تفصیلات کے مطابق میرپورخاص میڈیا کی نشاندہی پر ایس ایس پی میرپورخاص سید فدا حسین شاہ نے نوٹس لیتے ہوئے میرپورخاص کی تحصیل جھڈو کی یوسی میراللہ بچایو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

بدین، ہائی ویز ڈپارٹمنٹ ایمپلائز یونین کا مطالبات کی منظوری کے لیے بھوک ہڑتالی کیمپ قائم

بدین (نامہ نگار) ہائی ویز ڈپارٹمنٹ ایمپلائز یونین (سی بی اے) کی جانب سے اپنے جائز مطالبات کے حق میں ہائی ویز آفس کے مرکزی گیٹ کے سامنے ایگزیکٹو انجینئر کے خلاف بھوک ہڑتالی کیمپ قائم کرکے احتجاج ریکارڈ کرایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق یونین رہنماں علی نواز کوسو، محمد جمن خاصخیلی، سید ایوب شاہ اور دیگر کی قیادت میں ملازمین نے احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ انہیں درپیش مسائل کا فوری حل نکالا جائے اور ان کے جائز حقوق فراہم کیے جائیں۔ اس موقع پر یونین رہنماں نے الزام عائد کیا کہ ایگزیکٹو انجینئر) پروونشل (سلیم میمن محکمانہ امور میں مبینہ طور پر من پسند طریقہ کار اختیار کر رہے ہیں، جس کے باعث ملازمین کو مختلف مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا ہے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ بیلداروں، ڈرائیوروں اور کلینرز کو تاحال وردیاں فراہم نہیں کی گئیں، جبکہ پٹہ والوں کو بھی نامکمل یونیفارم دی گئی ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

قومی شاہراہ رسول آباد کے قریب خوفناک ٹریفک حادثہ، تیز رفتار ٹرالر نے موٹر سائیکل سوار چار افراد کو کچل دیا

نوشہرو فیروز (نامہ نگار) قومی شاہراہ رسول آباد کے قریب خوفناک ٹریفک حادثہ، تیز رفتار ٹرالر نے موٹر سائیکل سوار چار افراد افراد کو کچل دیا، ایک خاتون شدید زخمی، ڈرائیور فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق قومی شاہراہ رسول آباد کے قریب افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا، المناک روڈ حادثے میں تیز رفتار ٹرالر نے موٹر سائیکل پر سوار چار افراد کو کچل دیا، واقع کی اطلاع پر پولیس اور ریسکیو ٹیم نے پہنچ کر زخمی و لاشوں کو اسپتال منتقل کردیا جہاں جانبحق ہونے والوں میں 6 سالہ علی نواز شر، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ایم کیو ایم رہنما سید وسیم حسین، خالد تبسم، جوائنٹ انچارجز اراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی کی کوششوں سے یوسی 3A سرسید روڈ پر نیا ٹرانسفارمر نصب

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) ایم کیو ایم پاکستان کے رکن قومی اسمبلی ورکن اسٹینڈنگ کمیٹی پانی۔بجلی سید وسیم حسین۔ ڈسٹرکٹ انچارج خالد تبسم۔ جوائنٹ انچارجز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ہیومن رائٹس پروٹیکشن آف پاکستان کی تعلقہ شجاع آباد کابینہ کا اعلان، رانا طارق یوسف صدر مقرر

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) انسانی حقوق کے تحفظ اور سماجی فلاح و بہبود کے لیے سرگرم معروف غیر سرکاری تنظیم ہیومن رائٹس پروٹیکشن آف پاکستان (رجسٹرڈ) نے تعلقہ شجاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

پاکستان تحریک انصاف میرپورخاص کا میئر عبدالرؤف غوری سے حیدرآباد روڈ پر نصب سولر سسٹم منصوبے کی تفصیلات عوام کے سامنے پیش کرنے کا مطالبہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف، ڈویژن میرپورخاص کی جانب سے جاری پریس ریلز کے مطابق پاکستان تحریک انصاف میرپورخاص، میرپورخاص کے میئر عبدالرؤف سے مطالبہ کرتی ہے کہ حیدرآباد روڈ پر نصب کیے جانے والے سولر سسٹم منصوبے کی مکمل تفصیلات، تخمینہ لاگت، ٹھیکے کی شرائط، خریداری کے ریکارڈ اور تمام مالی اخراجات عوام کے سامنے پیش کیے جائیں۔ عوامی حلقوں اور مقامی ذرائع سے موصول ہونے والی اطلاعات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

کنری میں یونائیٹڈ اسٹار عمرکوٹ اور بسٹاں بوائز کلب کے درمیان دوستانہ فٹبال میچ کھیلا گیا، چیئرمین سید علی رضا مہمان خصوصی

کنری (نامہ نگار) کنری میں یونائیٹڈ اسٹار عمرکوٹ اور بسٹاں بوائز کلب کے درمیان دوستانہ فٹبال میچ کھیلا گیا جس کے مہمان خصوصی یونین کونسل بسٹاں کے چیئرمین سید علی رضا اور وائس چیئرمین حاجی عمران بھٹی تھے، تفصیلات کے مطابق کنری میں کے ایف ایل گراؤنڈ میں ون ڈے فٹبال میچ یونائیٹڈ اسٹار عمرکوٹ اور بسٹاں بوائز کلب کے درمیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	364,369
سونا 24K۔(فی تولہ)	425,000
سونا 22K۔(10 گرام)	334,005
سونا 22K۔(فی تولہ)	389,684
چاندی۔(10 گرام)	6985

نماز ٹائمنگ

فجر	5:21 am
ظہر	12:16 pm
عصر	4:16 pm
مغرب	5:52 pm
عشاء	7:09 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	270/kg
برائلر مرغی کا گوشت	430/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	4980
انڈے (فارم) ریٹیل	169(Dozen)

ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	0:00	8:10
ہزارہ ایکسپریس	6:15	6:00
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	10:35	10:25
کراچی ایکسپریس	4:30	0:00
بہاؤالدین زکریا	5:50	4:40
شالیمار ایکسپریس	6:00	6:16
پاکستان ایکسپریس	0:00	8:35
گرین لائن	0:00	1:55
تیز گام	5:30	0:00

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	282.5	282.8
یورو	331.95	335.45
برطانوی پونڈ	381.1	384.1
امارات درہم	76.8	77.8
سعودی ریال	75.7	76.35
کویتی دینار	902.50	912.00
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

سعید العطر کا یواے ای میں جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، ڈیٹا اور علم پر مبنی تیز رفتار حکومتی مواصلاتی نظام کے قیام پر زور

یواے ای گورنمنٹ میڈیا آفس کا میڈیا کنٹینٹ گائیڈ لائن اجراء، ایجنٹک اے آئی سے مستقبل کی سرکاری مواصلات میں انقلاب متوقع

یواے ای گورنمنٹ میڈیا آفس اور سعید العطر کی قیادت میں کریئیٹرز ہیڈکوارٹر دبئی میں گورنمنٹ کمیونیکیشن نیٹ ورک اجلاس انعقاد

این سی ای ایم اے کا یواے ای ماڈل برائے کرائسز میڈیا مینجمنٹ پیش، گورنمنٹ میڈیا کنٹینٹ گائیڈ لائن کے عملی اطلاق کیلئے تربیتی ورکشاپ انعقاد

ابوظہبی (بزنس رپورٹر) یواے ای گورنمنٹ میڈیا آفس نے گورنمنٹ میڈیا کنٹینٹ گائیڈ لائن کا باضابطہ اجرا کیا، جس کا اعلان دبئی کے کریئیٹرز ہیڈکوارٹر میں ہونے والے گورنمنٹ کمیونیکیشن نیٹ ورک کے اجلاس میں کیا گیا۔ اس اہم اجلاس میں یواے ای گورنمنٹ میڈیا آفس کے چیئرمین سعید العطر کے علاوہ مختلف وفاقی اداروں کے کمیونیکیشن ڈائریکٹرز اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس اقدام کا مقصد وفاقی حکومت کے کمیونیکیشن نظام کو مزید مضبوط بنانا، پیشہ ورانہ معیار کو بہتر کرنا اور میڈیا ٹیموں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانا ہے تاکہ وہ مؤثر، مربوط اور قومی ترجیحات سے ہم آہنگ مواد تیار کر سکیں۔ سعید العطر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یو اے ای حکومت ایک ایسا مواصلاتی نظام تشکیل دے رہی ہے جو عالمی رفتار کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔ انہوں نے کہا کہ یہ نظام جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، ڈیٹا اور علم کی بنیاد پر قائم ہوگا، جس کا مقصد ایسا مواد تیار کرنا ہے جو قابل اعتماد، مؤثر اور معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچنے والا ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کی ہر پیغام رسانی میں عوام کو مرکزیت حاصل ہوگی اور مواد کی تیاری میں شفافیت، سچائی اور اثر پذیری کو یقینی بنایا جائے گا۔ سعید العطر نے حکومتی میڈیا کے مستقبل میں مصنوعی ذہانت کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ایجنٹک اے آئی اگلے مرحلے کی تعریف کرے گی۔ ان کے مطابق یہ ٹیکنالوجی حکومت کو حقیقی وقت میں معیاری مواد تیار کرنے، غلط معلومات کے پھیلاؤ کو روکنے اور تیزی سے بدلتی صورتحال میں بہتر فیصلے کرنے میں مدد دے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے ذریعے حکومتی ادارے ڈیجیٹل کمیونٹیز کے ساتھ مؤثر انداز میں رابطہ قائم کرسکیں گے، جس سے کمیونیکیشن زیادہ فعال، بروقت اور نتیجہ خیز بن جائے گی۔ اجلاس میں نیشنل ایمرجنسی کرائسز اینڈ ڈیزاسٹرز مینجمنٹ اتھارٹی (NCEMA) نے "یو اے ای ماڈل ان کرائسز میڈیا مینجمنٹ" کے عنوان سے خصوصی سیشن بھی پیش کیا۔ اس سیشن میں بحرانوں اور ہنگامی حالات میں مؤثر مواصلات کے اصولوں اور طریقہ کار پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ ماہرین نے اس بات پر زور دیا کہ بحران کے دوران حکومتی مواصلات محض معاون کردار نہیں بلکہ ایک فرنٹ لائن ہتھیار ہوتے ہیں، جو عوامی اعتماد کو بحال رکھتے ہیں، غلط معلومات کے پھیلاؤ کو روکتے ہیں اور اداروں کو مؤثر انداز میں ردعمل دینے کے قابل بناتے ہیں۔ گورنمنٹ میڈیا کنٹینٹ گائیڈ لائن ایک جامع فریم ورک ہے جو میڈیا مواد کی تیاری کے ہر مرحلے کا احاطہ کرتا ہے۔

ڈی پی ورلڈ کے مورٹن جوہانسن اور مینوئل مارٹینیز کا کاوسیڈو کو مکمل لاجسٹک پلیٹ فارم بنانے پر زور

ڈومینیکن ریپبلک میں ڈی پی ورلڈ کی 100 ملین ڈالر سرمایہ کاری سے لاجسٹکس اور تجارتی صلاحیت میں نمایاں اضافہ متوقع

ڈی پی ورلڈ اور ڈومینیکن ریپبلک حکومت کا کاوسیڈو فری ٹریڈ زون میں نئی سرمایہ کاری سے معاشی ترقی کو فروغ دینے کا اعلان

مئی 2025 میں ڈی پی ورلڈ اور ڈومینیکن ریپبلک کے درمیان 760 ملین ڈالر معاہدہ بندرگاہ کاوسیڈو کی توسیع کے لیے اہم سنگ میل

دبئی (بزنس رپورٹر) ڈی پی ورلڈ اور ڈومینیکن ریپبلک کی حکومت نے مشترکہ طور پر ملک میں لاجسٹکس اور گوداموں کی سہولیات کو مزید وسعت دینے کے لیے 100 ملین امریکی ڈالر کی نئی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ یہ منصوبہ کاوسیڈو فری ٹریڈ زون میں نافذ کیا جائے گا، جو پہلے ہی خطے میں تجارت اور صنعت کے لیے ایک اہم مرکز بن چکا ہے۔ اس سرمایہ کاری کا مقصد ملک کی تجارتی صلاحیت کو بڑھانا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور عالمی منڈیوں سے رابطے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ یہ اعلان 12 ویں ورلڈ فری زونز کانگریس 2026 کے دوران کیا گیا، جہاں اس بات پر زور دیا گیا کہ یہ نئی سرمایہ کاری پہلے سے اعلان کردہ 760 ملین ڈالر کے منصوبے کے علاوہ ہے۔ اس طرح مجموعی طور پر سرمایہ کاری کا حجم مزید بڑھ جائے گا، جو ڈومینیکن ریپبلک کو امریکی خطے میں ایک مضبوط لاجسٹک حب بنانے میں مدد دے گا۔ یاد رہے کہ مئی 2025 میں ڈی پی ورلڈ نے ڈومینیکن ریپبلک کی حکومت کے ساتھ 760 ملین ڈالر کا مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے تھے۔ اس معاہدے کا مقصد کاوسیڈو بندرگاہ اور اس سے ملحقہ فری ٹریڈ زون کو جدید خطوط پر استوار کرنا تھا۔ نئی سرمایہ کاری اسی سلسلے کی کڑی ہے، جس کے ذریعے لاجسٹکس، بندرگاہی سہولیات اور صنعتی زون کو ایک مربوط نظام میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ اس منصوبے کے تحت جدید گوداموں کی تعمیر، سامان کی ذخیرہ اندوزی کے بہتر انتظامات اور سپلائی چین کو مزید مؤثر بنانے پر کام کیا جائے گا۔ اس سے نہ صرف مقامی بلکہ بین الاقوامی کمپنیوں کو بھی فائدہ پہنچے گا، جو اس خطے کو اپنی تجارتی سرگرمیوں کے لیے استعمال کرتی ہیں۔ آزاد تحقیقی ادارے آکسفورڈ اکنامکس کی رپورٹ کے مطابق ڈی پی ورلڈ کی سرگرمیاں ڈومینیکن ریپبلک کی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ کمپنی پہلے ہی ملک بھر میں تقریباً 5 ہزار افراد کو روزگار فراہم کر رہی ہے۔ مزید برآں، اندازہ لگایا گیا ہے کہ 2035 تک اشیاء کی برآمدات 2.4 ارب ڈالر تک پہنچ سکتی ہیں۔ سال 2024 کے دوران کاوسیڈو بندرگاہ نے مجموعی طور پر 13.3 ارب ڈالر کی تجارت کو سنبھالا، جو اس کی بڑھتی ہوئی اہمیت کا واضح ثبوت ہے۔ ماہرین کے مطابق نئی سرمایہ کاری سے اس بندرگاہ کی کارکردگی اور استعداد میں مزید اضافہ ہوگا، جس سے عالمی تجارت میں اس کا کردار مزید مضبوط ہوگا۔ ڈی پی ورلڈ کے امریکا ریجن کے چیف آپریٹنگ آفیسر مورٹن جوہانسن نے کہا کہ ڈومینیکن ریپبلک تیزی سے خطے میں تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بنتا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

پٹھان نے سب کو پارٹی مفلر پہنا کر کہا کہ میں اپنے لیڈر بانی چیئرمین عمران خان صاحب کی طرف سے نئے دوستوں کو خوش آمدید کہتا ہوں راز خان نے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی بیروزگاری سے تنگ ہو کر نوجوانوں کی پی ٹی آئی میں شمولیت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام عمران خان سے محبت کرتی ہے فارم 47 کی گورنمنٹ نے غریب عوام سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی پڑھے لکھے نوجوان روزگار نہ ہونے پر خودکشی کرنے پر مجبور ہے پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کیساتھ روزمرہ کی چیزیں بھی مہنگی ہوئی ہے کہ گورنمنٹ 70 روپے پیٹرولیم مصنوعات بڑھاتی ہے اور 10 روپے کم کر کے عوام کو لولی پاپ دیکر خوش کرتی ہے کہ ہم نے ریلیف دیا ہے پاکستان کی عوام اب ان سے بیزار ہو چکی ہے جس طرح سے انہوں نے ملک کا یہ حال کر دیا ہے راز خان مزید کہا کہ اڈیالہ جیل میں بیٹھا ہمارے لیڈر عمران خان قیدی 804 سے اتنا خوف ہے کہ عید نماز کے لیے بھی نہیں چھوڑا انکو اتنا ڈر ہے جب باہر نکلیں گا تب انکا حال ہوگا عوام کی دعائیں عمران خان کیساتھ ہے انشاللہ وہ دن دور نہیں جب عمران خان دوبارہ ملک پاکستان کے وزیراعظم ہوں گے۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

نے تفریح اور خنڈک کے لیے میر پور خاص واٹر پارک کا رخ کر لیا واٹر پارک میں بچوں، نوجوانوں اور فیملیز کی بڑی تعداد تفریح سے لطف اندوز ہوتی نظر آئی واٹر پارک آنے والے شہریوں کا کہنا تھا کہ حالیہ دنوں میں گرمی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے جس کے باعث وہ اپنے اہل خانہ کے ہمراہ واٹر پارک آئے ہیں تاکہ گرمی کے اثرات سے کچھ دیر کے لیے نجات حاصل کی جا سکے شہریوں نے بتایا کہ واٹر پارک تفریح کا ایک اچھا ذریعہ ہے تاہم اس کی فیس عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہے بچوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ واٹر پارک میں نہ صرف نہانے اور کھیلنے آئے ہیں بلکہ عید کی خوشیاں بھی منا رہے ہیں بعض بچوں کا کہنا تھا کہ انہیں عید پر جو عیدی ملی تھی اسی رقم سے انہوں نے واٹر پارک کی فیس ادا کی اور دوستوں کے ساتھ خوب انجوائے کیا دوسری جانب متعدد شہریوں نے واٹر پارک انتظامیہ کی جانب سے مقرر کردہ فیس پر تحفظات کا اظہار کیا ان کا کہنا تھا کہ تین سال کے بچے سے لے کر چالیس سال تک کے افراد سے فی کس 700 روپے وصول کیے جا رہے ہیں جس کے باعث کم آمدنی والے افراد کے لیے یہاں آ کر تفریح کرنا مشکل ہو گیا ہے شہریوں نے مطالبہ کیا کہ عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے فیسوں میں کمی کی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ گرمی کے موسم میں اس تفریحی سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں شدید گرمی کے باوجود واٹر پارک میں شہریوں کا رش دیکھنے میں آیا اور مختلف واٹر رائیڈز پر بچوں اور نوجوانوں کی گہما گہمی عروج پر رہی شہریوں نے امید ظاہر کی کہ انتظامیہ تفریحی سہولیات کے ساتھ ساتھ فیسوں میں بھی مناسب رعایت فراہم کرے گی۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

حسین شاہ کی قیادت میں ضلع میر پور خاص پولیس نے گزشتہ 7 دنوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف مؤثر اور کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے نمایاں نتائج حاصل کیے ہیں۔ گذشتہ 7 دنوں کے دوران ضلع پولیس نے مجموعی طور پر کل 28 ملزمان کو گرفتار کیا۔ ایک اشتہاری/روپوش ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ دیسی شراب کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 3120 لیٹر دیسی شراب برآمد کر کے بھٹیاں مسمار کی گئی۔ گٹکا فروش عناصر کے خلاف کارروائیوں کے دوران 6 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ملزمان کے قبضے سے 2.2 کلوگرام گٹکا برآمد کیا گیا۔ غیر قانونی اسلحہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 1 مقدم درج کر کے 1 ملزم کو گرفتار کیا گیا، جن سے 1 پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کی گئی۔ ضلع میر پور خاص پولیس ایس ایس پی میر پور خاص سید فدا حسین شاہ کی قیادت میں جرائم کے خاتمے، امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی کارروائیاں اسی عزم اور پیشہ ورانہ انداز میں جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

نے کہا کہ داروغوں سے اور ہوم گارڈ کی ڈیوٹی لی جا رہی ہے اور ملازمین کو ان کے دائرہ کار سے ہٹ کر غیر روایتی ذمہ داریاں بھی سونپی جا رہی ہیں۔ یونین رہنماں نے مزید الزام لگایا کہ فزیبلٹی رپورٹس، کراس سیکشن فوٹو گرافی، کوآرڈینیٹس اور پی ٹی سی سمیت مختلف تکنیکی نوعیت کے کام بھی ملازمین سے لیے جا رہے ہیں۔ ان کا دعویٰ تھا کہ سرکاری روڈ رولرز اور گاڑیاں بغیر ڈیلی ریکارڈ (ڈی آر) کے مبینہ طور پر نجی افراد کے حوالے کی گئی ہیں، جبکہ بعض گاڑیوں سے سرکاری نمبر پلیٹیں ہٹا کر ذاتی استعمال میں لایا جا رہا ہے، جس سے قومی خزانے کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ احتجاج کرنے والوں نے یہ بھی الزام عائد کیا کہ مختلف سڑکوں کے منصوبوں کی ادائیگیوں میں ٹھیکیداروں کے ساتھ مبینہ ملی بھگت کے ذریعے کروڑوں روپے کی کرپشن کی گئی ہے، جس کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہئیں۔ یونین رہنماؤں نے چیف جسٹس آف سندھ، نیب، چیئرمین اینٹی کرپشن، وزیراعلیٰ سندھ، صوبائی وزیر روڈز اینڈ ورکس، سیکریٹری ورکس اینڈ سروسز، چیف انجینئر ہائی ویز حیدرآباد اور سپرنٹنڈنگ انجینئر سرکل میر پور خاص سے مطالبہ کیا کہ تمام معاملات کی فوری انکوائری کرا کر ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

کے گاؤں محمد یوسف جروار میں ملزم ممتاز جروار اور اسکے بیٹے کے خلاف اللہ پاک کے گھر کو توڑنے کا مقدمہ زیر دفعہ 295 سی کے تحت درج کر لیا گیا۔ پولیس نے دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ ملزم اپنے بھائیوں سے تنازعے کے باعث گاؤں کی مسجد کو مسمار کر رہا تھا۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

28 سالہ قادر شمر، 45 سالہ مسمات سورٹھو اور 8 سالہ غلام، ہمبر شر شامل ہیں، حادثے میں 18 سالہ مسمات روزینہ شر شدید زخمی ہوگئیں، واقع کی، عینی شاہدین کے مطابق حادثے کے بعد ورثا غم نہ ڈھال ہو کر روتے رہے، پولیس کے مطابق حادثے کا شکار تمام افراد ایک ہی موٹر سائیکل پر سوار تھے، جبکہ حادثے کی مزید تحقیقات جاری ہے، جبکہ ٹرالر ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا پولیس نے ناقہ بندی کر کے فرار ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

دیا، شہر کا حساس ترین زون اور ڈی سی آفس کا قریبی سڑک اور غریب آباد تھانہ سیوریج کے پانی میں ڈوب گیا، معاملے کو ہائی کورٹ لے کر جاؤں گا، حاجی محمد علی کا اعلان، میئر عبدالرؤف غوری کا مؤقف دینے سے گریز۔ تفصیلات کے مطابق یونین کمیٹی 8 کے یوسی چیئرمین حاجی محمد علی نے شہر کے سنگین ترین بلدیاتی مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے میئر میونسپل کارپوریشن میر پور خاص عبدالرؤف غوری پر الزامات کی بوچھاڑ کر دی ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت سے میئر کو فوری طور پر عہدے سے ہٹانے کی پُرزور مطالبہ کیا ہے۔ حاجی محمد علی کا کہنا ہے کہ دنیا بھر میں میگا نالے شہر بھر کی سیوریج کا پانی باہر نکالنے کے لئے بنائے جاتے ہیں مگر یہاں میر پور خاص میں میری سوشل ورکنگ، عوامی خدمات اور میری یونین کونسل میں کرائے گئے ترقیاتی کاموں کو سبوتاژ کرنے اور مجھے سیاسی طور پر بدنام کرنے کے لئے میگا نالے کے رخ کو ایک چھوٹی نالی میں موڑ دیا گیا ہے اور ستم بالائے ستم یہ کہ اس نالی کے پشتے کو غریب آباد تھانے کی جانب سے توڑ دیا گیا ہے جس کی وجہ سے میگا نالے کا سارا گندہ پانی اب غریب آباد تھانے کی بلڈنگ تک پہنچ چکا ہے، یوسی چیئرمین نے میڈیا نمائندگان کو ان تمام جگہوں کا تفصیلی دورہ بھی کرایا جہاں سے میگا نالے کو پہلے ایک چھوٹی نالی کی طرف موڑا گیا اور بعد میں اس نالی کے پشتے کو غریب آباد تھانے کی جانب بنے گڑھے کی طرف توڑ دیا گیا جس کے باعث اب سیوریج کا غلیظ پانی غریب آباد تھانے کی دیواروں سے ٹکرا رہا ہے، یہی گندہ پانی ایک جانب ٹاؤن تھانہ، اس کے بالکل سامنے واقع غریب آباد تھانہ اور دونوں تھانوں کے درمیان سے گزرنے والی بلاکوں والی مرکزی سڑک پر جمع ہو چکا ہے جس کی وجہ سے وہاں سے گذرنے والے راہگیروں اور شہریوں کو نقل و حرکت میں انتہائی شدید دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، واضح رہے کہ یہ پورا علاقہ جہاں سیوریج کا پانی جمع ہے اور یوسی 8 کے چیئرمین حاجی محمد علی نے جس جگہ کی نشاندہی کی ہے وہ شہر کا حساس ترین زون کہلاتا ہے کیونکہ اس کے بالکل اطراف میں ون فائیو تھانہ، وومن تھانہ اور ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) آفس جیسی اہم سرکاری عمارتیں موجود ہیں اور اس سنگین صورتحال کا ذمہ دار یوسی چیئرمین نے براہِ راست میئر میونسپل کارپوریشن میر پور خاص عبدالرؤف غوری کو ٹھہرایا ہے۔ حاجی محمد علی نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے دوٹوک الفاظ میں اعلان کیا ہے کہ وہ اس سنگین عوامی اور سیاسی مسئلے کو لے کر بہت جلد ہائی کورٹ سے بھی رجوع کریں گے، دوسری جانب جب اس پوری صورتحال اور سنگین الزامات کے سلسلے میں میئر میونسپل کارپوریشن

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

دوستانہ میچ کھیلا گیا جس میں بسٹاں بوائز کلب نے یونائیٹڈ اسٹار کلب عمر کوٹ کو ایک گول سے شکست دے دی میچ کا واحد گول ساجد شانی کیا فٹبال میچ کے مہمان خصوصی یونین کونسل بسٹاں کے چیئرمین سید علی رضا شاہ اور وائس چیئرمین حاجی عمران بھٹی سرپرست اعلیٰ بسٹاں بوائز کلب جمیل بھٹی تھے مہمان خصوصی نے فاتح ٹیم کے کپتان کو ونر ٹرافی دی جبکہ وائس چیئرمین حاجی عمران بھٹی نے رنر اپ کے کپتان کو ٹرافی دی اس موقع پر مہمان خصوصی چیئرمین یونین کونسل بسٹاں سید علی رضا شاہ نے بسٹاں بوائز کے کھلاڑیوں، کلب انٹیفشلز کو میچ جیتنے پر مبارکباد دی بعد ازاں بسٹاں بوائز کے صدر حاجی احسان بھٹی سیکریٹر نائب صدر شکیل خان اور جنرل سیکریٹری اویس اقبال سمیت دیگر عہدیداروں نے مہمان خاص کو شیلڈ کے تحائف پیش کیے

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق اس منصوبے میں نصب کیے جانے والے سولر کھمبے ناقص، غیر معیاری اور ناکارہ ہیں جو مطلوبہ کارکردگی فراہم کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ اگر یہ اطلاعات درست ہیں تو یہ نہ صرف عوامی وسائل کا ضیاع ہے بلکہ شہریوں کے ساتھ سنگین ناانصافی بھی ہے۔ مزید برآں، منصوبے کے اخراجات، بلوں اور خریداری کے عمل میں بڑے پیمانے پر کرپشن، مالی بے ضابطگیوں اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کے خدشات پائے جاتے ہیں۔ عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والی رقم کو شفاف انداز میں خرچ کرنا منتخب نمائندوں اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے، مگر اس منصوبے میں شفافیت کا شدید فقدان نظر آ رہا ہے جس سے عوام میں تشویش بڑھ رہی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف میر پور خاص اینٹی کرپشن اداروں، متعلقہ تحقیقاتی اداروں اور صوبائی حکام سے مطالبہ کرتی ہے کہ حیدرآباد روڈ پر نصب کیے گئے سولر کھمبوں کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ انکوائری کرائی جائے، ان کی خریداری اور تنصیب کی تحقیقات کی جائیں، منصوبے میں ہونے والی ممکنہ کرپشن اور مالی بدعنوانیوں کا مکمل آڈٹ کیا جائے، اور ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق جوابدہ بنایا جائے پی ٹی آئی میر پور خاص مطالبہ کرتی ہے کہ اس منصوبے کے تمام بلز، ٹینڈرز، ادائیگیوں اور مالی ریکارڈ کو عوام کے لیے پبلک کیا جائے تاکہ حقائق سامنے آ سکیں اور عوام کے ٹیکس کے پیسے کا مکمل اور درست حساب دیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

آباد، ضلع میر پور خاص کے عہدیداروں کی تقرری کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق رانا طارق یوسف کو تعلقہ شجاع آباد کا صدر مقرر کیا گیا ہے۔ جبکہ محمد سلیم مغل کو سینئر نائب صدر، محمد عارف بیگ کو نائب صدر (اول) محمد نعمان کو نائب صدر (دوئم)، محمد اسماعیل خلجی کو جنرل سیکرٹری، شیزہ مختیار کو ڈپٹی جنرل سیکرٹری، رانا شہزاد سلیم کو فنانس سیکرٹری، عدیل شاہ کو انفارمیشن سیکرٹری اور حنویہ علی کو آفس سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے۔ تنظیم کے ترجمان کے مطابق ہیومن رائٹس پروٹیکشن آف پاکستان ایک فلاحی اور انسانی حقوق کی تنظیم ہے جو ملک بھر میں انسانی حقوق کے تحفظ، سماجی انصاف، عوامی فلاح اور کمزور طبقات کی مدد کے لیے سرگرم عمل ہے۔ تنظیم کا بنیادی مقصد معاشرے میں انسانی حقوق کے احترام، قانون کی بالادستی اور مساوی انصاف کے فروغ کو یقینی بنانا ہے۔ تنظیم کے منشور کے مطابق خواتین کو بااختیار بنانے اور ان کے حقوق کے تحفظ، بچوں کے حقوق کے دفاع، جائلد لیبر اور بچوں کے استحصال کے خاتمے، بے گناہ قیدیوں اور محروم طبقات کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے، تعلیم و صحت کے فروغ اور غربت کے خاتمے کے لیے سماجی منصوبوں کی حمایت اس کے اہم مقاصد میں شامل ہیں۔ ہیومن رائٹس پروٹیکشن آف پاکستان آزادی؟ صحافت اور آزادی؟ اظہار کے فروغ، رائٹ ٹو انفارمیشن (RTI) قوانین کے تحت شفافیت اور احتساب کے قیام، قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی امداد، بین المذاہب ہم آہنگی، امن اور سماجی یکجہتی کے فروغ کے لیے بھی سرگرم کردار ادا کر رہی ہے۔ تنظیم انسانی اسمگلنگ، گھریلو تشدد، صنفی امتیاز اور دیگر سماجی برائیوں کے خاتمے کے لیے جدوجہد کے ساتھ ساتھ صحافیوں کے تحفظ اور ذمہ دار صحافت کے فروغ کے لیے تربیتی سرگرمیوں کا بھی انعقاد کرتی ہے۔ تنظیم کے مطابق اس کا وژن ایک ایسے پرامن، منصفانہ اور بااختیار معاشرے کا قیام ہے جہاں ہر فرد کو بلاامتیاز رنگ، نسل، مذہب یا جنس بنیادی انسانی حقوق حاصل ہوں اور قانون سب کے لیے یکساں طور پر نافذ ہو۔ نئے عہدیداران نے تنظیم کے مقاصد کے حصول اور عوامی خدمت کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

اراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی کی کوششوں سے یوپی 3A سرسید روڈ پر 200KV کا نیا ٹرانسفارمر نصب کیا گیا۔ اس موقع پر علاقے کی عوام نے خوشی کا اظہار کیا اور متعدد قومی موومنٹ کا شکریہ ادا کیا۔ واضح رہے کہ مذکورہ مقام پر گذشتہ پانچ روز سے ٹرانسفارمر جلنے کی وجہ سے بجلی کی سپلائی منقطع تھی اور لانچہ آباد سمیت ملحقہ علاقے کے عوام شدید گرمی میں اذیتناک صورتحال سے دوچار تھے۔

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

گلگت بلتستان میں جمہوریت کے تعین کا فیصلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم خان صاحب کا پیغام ہر شہر، قصبے اور گاؤں تک پہنچا رہے ہیں۔ زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے شہریوں سے رابطہ کر رہے ہیں۔ معاشی ترقی، اچھی حکمرانی اور سماجی انصاف کے لیے اپنے پروگرام پیش کر رہے ہیں۔ میر سٹرکو ہر کا کہنا تھا کہ گلگت بلتستان میں اپنی جماعت کے کارکنوں، حامیوں اور بہتر مستقبل پر یقین رکھنے والے تمام شہریوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس جمہوری جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں۔ یاد جو داس کے کہ ہم سے ہمارا انتخابی نشان لے لیا گیا، لیڈرز کو روکا گیا صوبہ بدر کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ یکساں تو ڈور، محض آزادانہ مہم کی اجازت بھی نہیں، باقی سارے بغیر روک ٹوک کے لگے ہوئے ہیں، گویا ہم محب وطن نہیں گویا ہم پاکستانی نہیں، لیکن اس کا فیصلہ ہم عوام پر چھوڑتے ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ اس انتخابی مہم کو وقار، احترام اور عوامی مفاد کے لیے غیر متزلزل عزم کے ساتھ آگے بڑھائیں۔ ہمیں عوام پر اعتماد ہے۔ اپنی سوچ، کارکردگی اور عوامی خدمت کے جذبے کی بنیاد پر ان سے مینڈیٹ حاصل کرنے کے خواہاں ہیں۔ مجھے امید ہے گلگت بلتستان کے لوگ 7 جون کو خان کے نام پر ہمارے اُمیدواروں کو کامیاب بنائیں گے۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

789 کیسز میں شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جبکہ مجموعی طور پر شہریوں کو 4.29 ارب روپے کا مالی فائدہ حاصل ہوا محتسب سندھ نے 16 ہزار 363 شکایات کو باقاعدہ تحقیقات کے لیے منظور کیا، 12 ہزار 591 کیسز کا فیصلہ کیا گیا جبکہ 2 ہزار 660 شکایات براہ راست مداخلت کے ذریعے فوری حل کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق 12 ہزار 308 کیسز تفصیلی تحقیقات کے بعد نمٹائے گئے۔ ڈاکٹر سمیل راجپوت نے ذریعاعلی سندھ کو بتایا کہ شکایات میں اضافہ عوام کے ادارے پر بڑھتے ہوئے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ شکایات کے آن لائن نظام (CMS) کے ذریعے 7 ہزار 611 سے زائد کیسز درج ہوئے، جس سے شہریوں کو شکایات کے اندراج اور ٹریکنگ میں آسانی حاصل ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق سندھ بھر میں 423 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں جبکہ 120 آگاہی سیشنز اور 31 ملین ایس ایم ایس کے ذریعے عوامی آگاہی مہم چلائی گئی۔ برانڈ ایمبیسیڈر پروگرام کے تحت این ای ڈی، آئی بی اے کھکھر، زبیدٹ، ہمدرد یونیورسٹی، سندھ مدرس الاسلام یونیورسٹی، سلیم جعیب یونیورسٹی اور جامعہ کراچی کے طلبہ کو شامل کیا گیا، جبکہ 32 طلبہ کو انٹرن شپ پروگرام کے تحت عملی تربیت فراہم کی گئی۔ صوبائی محتسب نے خصوصی افراد کے لیے دو مستقل کمیٹیوں کے قیام، پانچ فیصد کوٹہ اور جامع تعلیم کے فروغ کے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کلائمٹ اینڈ ڈیزاسٹر جسٹس یونٹ (CDJU) بھی قائم کیا گیا ہے تاکہ آفات سے متاثرہ شہریوں کی شکایات کا فوری ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے صوبائی محتسب کی کارکردگی اور اصلاحات کو سراہتے ہوئے شفافیت، احتساب اور بہتر طرز حکمرانی کے فروغ کے لیے مکمل تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

پولیس کی جانب سے جواب عدالت میں جمع کرا دیا گیا۔ جواب میں موقف اختیار کیا گیا کہ درخواست گزار اہلکاروں کی اگلے گریڈ میں ترقی کے لیے مطلوبہ سروس مدت مکمل نہیں ہوئی۔ آئی جی سندھ کے مطابق ترقی کے لیے کم از کم پانچ سالہ سروس درکار ہوتی ہے۔ درخواست گزاروں کے وکیل سلیم خاصخیلی ایڈووکیٹ نے مقف اختیار کیا کہ سپریم کورٹ کے فیصلوں کے مطابق درخواست گزاروں کا کیس ترقی کے زمرے میں آتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ نے 2004 سے درخواست گزاروں کی سینیارٹی لسٹ جاری کرنے کا حکم بھی دیا تھا۔ درخواست سب انسپکٹر شاہد رند اور دیگر اہلکاروں کی جانب سے دائر کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

زیادہ پانی دینا سندھ کی زراعت اور معیشت کے لیے تباہ کن ثابت ہو رہا ہے۔ یہ صورتحال صوبے کے کسانوں کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار صوبائی سالار سلیم سندھی کے ہمراہ جیکب آباد میں جے یو آئی ضلع جیکب آباد کے امیر میر پور خاص عبدالرؤف خوری سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ میں نے ابھی ایسی کوئی ویڈیو نہیں دیکھی ہے۔ میں اس وقت شہر سے باہر (کراچی) ہوں مصروف ہوں اور جیسے ہی میر پور خاص آؤں گا تو اس معاملے پر اپنا تفصیلی مؤقف دوں گا۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

دوستانہ میچ کھیلا گیا جس میں بسٹاں بوائز کلب نے یونائیٹڈ اسٹار کلب عمر کوٹ کو ایک گول سے شکست دے دی میچ کا واحد گول ساجد شانی کیا فٹبال میچ کے مہمان خصوصی یونین کونسل بسٹاں کے چیئرمین سید علی رضا شاہ اور وائس چیئرمین حاجی عمران بھٹی سرپرست اعلیٰ بسٹاں بوائز کلب جمیل بھٹی تھے مہمان خصوصی نے فاتح ٹیم کے کپتان کو ونر ٹرافی دی جبکہ وائس چیئرمین حاجی عمران بھٹی نے رنر اپ کے کپتان کو ٹرافی دی اس موقع پر مہمان خصوصی چیئرمین یونین کونسل بسٹاں سید علی رضا شاہ نے بسٹاں بوائز کے کھلاڑیوں، کلب انٹیفشلز کو میچ جیتنے پر مبارکباد دی بعد ازاں بسٹاں بوائز کے صدر حاجی احسان بھٹی سیکریٹر نائب صدر شکیل خان اور جنرل سیکریٹری اویس اقبال سمیت دیگر عہدیداروں نے مہمان خاص کو شیلڈ کے تحائف پیش کیے

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق ایل پی جی کی نئی قیمتوں کا اطلاق جون کے لیے ہوگا۔ لیکویفائیڈ پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی نئی قیمت فی کلو 308 روپے 76 پیسے مقرر کر دی گئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ قیمت میں اضافے سے ایل پی جی کا گھریلو سلینڈر 58 روپے 51 پیسے مہنگا ہو گیا ہے، 11.8 کلوگرام گھریلو سلینڈر کی نئی قیمت 3643 روپے 41 پیسے مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

حیدرآباد، لاڑکانہ اور سکھر سرکٹ بنچز کے لیے بھی خصوصی بنچز قائم کیے گئے ہیں جو روزانہ صبح 9:30 بجے سے دوپہر ایک بجے تک مقدمات کی سماعت کریں گے۔ عدالتوں کے دفتری اوقات صبح 9 بجے سے دوپہر 3 بجے تک مقرر کیے گئے ہیں۔ تعطیلات کے دوران جسٹس سلیم جسر کی سربراہی میں دورکنی آئینی بنچ اہم مقدمات کی سماعت کرے گا، جبکہ جسٹس ارشد حسین خان کی سربراہی میں دورکنی ریگولر بنچ بھی کام جاری رکھے گا۔ جسٹس عمر سیال اور جسٹس یوسف علی سعید الگ الگ سنگل بنچز میں مقدمات کی سماعت کریں گے۔

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

کر دوبارہ مارکیٹ میں آ جاتا ہے جس سے ہے، سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (سیپا) کی جانب سے مانیٹرنگ اور سروے کے بے یہ قانونی کام سالہا سال سے جاری ہے، 18 ویں ترمیم کے بعد سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایکٹ 201 میں اسپتال ویسٹ مینجمنٹ ایکٹ متعارف کرا دیا لیکن اس ضمن میں سیپا کی اب تک کی کارکردگی برابر ہے، محکمہ صحت سندھ کے ایک افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ انوائرمنٹل ہومی (سیپا) اپنے ہی بنائے گئے قوانین پر عملدرآمد کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہے انھوں نے الزام لگایا کہ سیپا نے ایسے نجی کنسلٹنٹس کو نجی و سرکاری اسپتالوں سے طبی فضلہ اٹھانے کا اجازت دے رکھا ہے جو اسے دوبارہ مارکیٹ میں ری سائیکل کے لیے فروخت کر رہے ہیں، شہر میں اس وقت ہزاروں اسپتال، کلینک اور ہیلتھ کیئر سینٹرز میں جہاں روزانہ ٹنوں کے حساب سے طبی فضلہ پیدا ہوتا ہے اور فوری طور پر تلف کیا جانا چاہیے اس ضمن میں سب سے بڑے انسی نیریٹر پلانٹ بلدیہ عظمیٰ کراچی کے اے۔ پاس ہیں جہاں طبی فضلہ جلایا جاتا ہے، سرکاری سطح پر تین نجی اسپتال جن میں جناح اسپتال، سول اسپتال اور لیاری جنرل اسپتال کے انسی نیریٹر پلانٹس ہیں اور ضلعی سطح پر اسپتالوں، سندھ گورنمنٹ نیو کراچی اسپتال، سندھ گورنمنٹ اربن ہیلتھ سینٹر ناتھ کراچی، سندھ گورنمنٹ لیاقت آباد اسپتال، سندھ گورنمنٹ سعود آباد اسپتال سندھ گورنمنٹ کورنگی اسپتال، سندھ گورنمنٹ ابراہیم حیدری اسپتال، سندھ گورنمنٹ چلڈرن اسپتال ناتھ کراچی انسٹی ٹیوٹ آف اسکن ڈیزیز صدر اور سندھ گورنمنٹ قطر اسپتال کے پاس اپنے انسی نیریٹر پلانٹ موجود نہیں ہیں ان اسپتالوں کا انچارج اسٹاف طبی فضلہ غیر رجسٹرڈ ٹھیکیداروں یا ایسے سیپا کے رجسٹرڈ ٹھیکیداروں کو فروخت کرتا ہے جو نہ تو رجسٹریافتہ ہیں اور نہ ان کے پاس انسی نیریٹر پلانٹس ہیں یہ پرائیویٹ کنٹریکٹرز سرنجز اور دیگر اشیا دوبارہ استعمال کے لیے مارکیٹ میں فروخت کر دیتے ہیں، بقیہ طبی فضلہ ندی نالوں میں ڈمپ کر دیا جاتا ہے، متعلقہ افسر نے بتایا کہ کچھ نجی اسپتالوں کے پاس اپنے انسی نیریٹر پلانٹ موجود ہیں اس کے علاوہ چند نجی کمپنیوں نے بھی انسی نیریٹر پلانٹ نصب کر رکھے ہیں لیکن ان کی گنجائش بہت کم ہے اور شہر بھر کا بیشتر طبی فضلہ تلف کرنے سے رہ جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾

جو والدین کی معاونت اور خاندانی نظام کے استحکام کا اہم پیغام دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین کی محبت، قربانی اور تربیت ایک مضبوط اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے۔ بچوں کی بہتر پرورش اور روشن مستقبل کی تعبیر میں والدین کا کردار سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ ماں باپ اپنی خوشیوں کی قربانی دے کر بچوں کی کامیابی اور بہتر زندگی کے لیے مسلسل جدوجہد کرتے ہیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ خوشحال خاندان ہی ترقی یافتہ اور مستحکم معاشرے کی ضمانت ہوتے ہیں، جبکہ والدین کی قربانیاں نسلوں کی تعمیر اور قوموں کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت بچوں، والدین اور خاندانوں کی فلاح و بہبود کے لیے موثر اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ عالمی یومِ والدین ہمیں ماں باپ کی عزت، خدمت اور معاونت کا شعور دیتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ خاندان، معاشرہ اور ریاست سب کو والدین کی معاونت کے لیے اپنی مشترکہ ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔ انہوں نے نوجوان نسل پر بھی زور دیا کہ وہ والدین کے احترام اور خدمت کو اپنی زندگی کا شعار بنائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ والدین کی فلاح اور خاندانی نظام کا استحکام سندھ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ نمبر 20 ﴿قوم کی آواز﴾

بورڈ کونٹوس جاری کرتے ہوئے فریقین سے گرمیوں کی تعطیلات کے بعد جواب طلب کر لیا ہے۔ درخواست گزار قائم الدین نے موقف اختیار کیا کہ سندھ بھر میں درکرز ویلفیئر بورڈ میں گریڈ ایک سے گریڈ پانچ تک کی بھرتیاں بغیر اشتہار اور قواعد وضوابط کے برخلاف کی گئی ہیں۔ درخواست میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ اسی اوپی آئی کیس میں قرار دے چکی ہے کہ پبلک سیکٹر اداروں میں براہ راست بھرتیاں نہیں کی جا سکتیں، لہٰذا حالیہ تقرریوں کو غیر قانونی قرار دے کر کالعدم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 21 ﴿قوم کی آواز﴾

کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کرنے کی درخواست دائر کر دی۔ وومن جیل کی سینئر سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے جمع کرائی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ سیکیورٹی خدشات کے باعث ملزمہ کو عدالت میں پیش کرنا ممکن نہیں۔ درخواست کے ساتھ کورٹ پولیس کا خط بھی عدالت میں پیش کیا گیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ ہائی پروفائل ملزمہ کی عدالتی پیشی نہ صرف شہریوں بلکہ خود ملزمہ کے لیے بھی سیکیورٹی رسک ہے، اس لیے آئندہ پیشی پر ویڈیو لنک کے ذریعے حاضری کی اجازت دی جائے۔ جیل حکام کے مطابق ویڈیو لنک کے تمام انتظامات موجود ہیں۔ مزید بتایا گیا کہ کورٹ پولیس نے سیکیورٹی وجوہات کی بنا پر ملزمہ کو ایس آئی یو ٹی لے جانے کی اجازت بھی نہیں دی تھی اور جیل میں ہی طبی سہولیات فراہم کرنے کی تجویز دی تھی۔

**بقیہ

کراچی کو لینڈ گریبرز کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑینگے، فاروق ستار

وسیم اختر، سید امین الحق، علی خورشیدی، افتخار عالم، نجم مرزا کی پرہجوم پریس کانفرنس، شہر کی زمینیں پیپلز پارٹی کی وڈیرہ شاہی حکومت بیچ کھائے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما اور کین قومی اسمبلی ڈاکٹر فاروق ستار نے سینئر مرکزی رہنما سید امین الحق، سابق میئر کراچی وسیم اختر اور قائد حزب اختلاف سندھ علی خورشیدی، پارلیمانی لیڈر افتخار احمد نگر تنظیمی ذمہ داران کے ہمراہ ہل پارک کراچی میں ایک ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کراچی کی سرکاری زمینوں کی سنگین بندر بانٹ، ماحولیاتی تباہی اور قبضہ مافیا کے خلاف سخت ترین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

سندھ کے پانی کے حق پر سمجھوتہ قبول نہیں، سردار عبدالرحیم

وفاق سندھ کو آئینی حصہ نہ دے تو پیپلز پارٹی حکومت سے علیحدگی اختیار کرے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے سندھ کے پانی کے مسئلے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر وفاقی حکومت سندھ کو اس کے آئینی اور قانونی حصے کا پانی فراہم نہیں کر رہی تو پاکستان پیپلز پارٹی کو وفاقی حکومت سے علیحدگی اختیار کر لینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام کے بنیادی حقوق، زراعت، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

مرکزی مسلم لیگ کا کراچی سمیت دیگر شہروں میں مہنگائی کیخلاف دھرنوں کا اعلان

عیدالاضحیٰ کے موقع پر پانی کی مصنوعی قلت پیدا کی گئی، کراچی کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے، فیصل ندیم کی پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) مرکزی مسلم لیگ کا مہنگائی کے خلاف کراچی، حیدرآباد اور سکھر میں دھرنے دینے کا اعلان، جبکہ کراچی کے مسائل پر اورنگی تا کورنگی تک احتجاجی مارچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

کراچی میں شارع فیصل پر لین کی خلاف ورزی پر ای چالان کا آغاز

ابتدائی مرحلے میں یہ نظام صرف شارع فیصل پر نافذ کیا گیا ہے، ترجمان ٹریفک پولیس

کراچی (این این آئی) کراچی میں ٹریفک قوانین پر عمل درآمد مزید سخت کرنے کے لیے ٹریفک پولیس نے لین کی خلاف ورزی پر ای چالان کا آغاز کر دیا ہے۔ ابتدائی مرحلے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

امریکا سے جنگ بندی کا اطلاق لبنان پر بھی ہے؛ بیروت پر حملے خلاف ورزی تصور ہوں گے؛ ایران

کسی بھی ایک محاذ پر خلاف ورزی تمام محاذوں پر جنگ بندی کی خلاف ورزی سمجھی جائے گی، عباس عراقچی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کے ساتھ ہونے والی جنگ بندی صرف ایران تک محدود نہیں بلکہ اس کا اطلاق لبنان سمیت تمام محاذوں پر ہوتا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس بات کا اعلان ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر جاری ایک بیان میں کیا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے ''ایکس'' پر جاری بیان میں کہا کہ یہ فوری توجہ کے لیے ہیں۔ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی بلا شبہ تمام محاذوں پر جنگ بندی ہے جس میں لبنان بھی شامل ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ کسی بھی ایک محاذ پر خلاف ورزی تمام محاذوں پر جنگ بندی کی خلاف ورزی سمجھی جائے گی۔ کسی بھی خلاف ورزی کے نتائج کے ذمہ دار امریکا اور اسرائیل ہوں گے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

ناصر حسین شاہ حاجیوں کو ویلکم کرنے کراچی ایئرپورٹ پہنچ گئے

وفاقی وزیر مملکت برائے مذہبی امور کھیل داس کوہستانی، ڈائریکٹر حج امتیاز شاہ اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کراچی ایئرپورٹ پر پہلی حج پرواز کے ذریعے وطن واپس آنے والے حجاج کرام کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں پھولوں کے ہار پہنا کر خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر مملکت برائے مذہبی امور کھیل داس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

کراچی سے بینکاک جانے والی پرواز ساڑھے پانچ گھنٹے سے زائد تاخیر کا شکار

کراچی (این این آئی) تکنیکی خرابی کے باعث بینکاک جانے والی تھائی ایئر کی پرواز میں ساڑھے پانچ گھنٹے سے زائد تاخیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پولیس افسر کے قریبی رشتہ دار کا فلیٹ نشانے پر، ملزمان قیمتی سامان لوٹ کر فرار

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے پوش علاقے کلفٹن میں واقع مرتضیٰ کمرشل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ابھی مائیکروفنانس بینک کا سال 2025ء میں ریکارڈ توڑ منافع

بینک کے قیام سے اب تک کا سب سے زیادہ منافع ہے، چیف کمرشل آفیسر مریم پرویز، چیف مارکیٹنگ آفیسر سلطان زیدی کا کارنامہ

کراچی (بزنس رپورٹر) بھی مائیکروفنانس بینک نے سال 2025 کے دوران بعد از ٹیکس 1.019 ارب روپے منافع کا اعلان کیا جو کہ بینک کے قیام سے اب تک کا سب سے زیادہ منافع ہے۔ بینک کو سال 2024 میں 1.754 ارب روپے کا خسارہ ہوا تھا۔ یہ غیر معمولی کامیابی بینک کی مالی کارکردگی میں ایک بڑی اور تیز ترین بھائی کو ظاہر کرتی ہے، بینک نے سال 2020 کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

پاکستان جنوبی افریقہ میں سنگل کنٹری ٹریڈ ایکسپو کا انعقاد کریگا

صدر ایف پی سی سی آئی ثاقب فیاض مگوں کا کانفرنس سے اہم خطاب، ڈاکٹر فہد شفیق، سید معیز الدین، حسن بخشی اور عبداللہ ذکی سمیت سیکڑوں موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان ایس اے ڈی سی چیمبر ٹریڈ فیڈریشن (PSCTF) نے اعلان کیا ہے کہ اگست 2026 کے اختتام یا ستمبر 2026 کے پہلے ہفتے میں جنوبی افریقہ کے شہر جوہانسبرگ میں دو روزہ پاکستان سنگل کنٹری ٹریڈ ایکسپو اور بین الاقوامی بزنس کانفرنس کا انعقاد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

جرمنی اسٹوڈنٹ ویزا فراڈ بے نقاب، ایف آئی اے کی بڑی کارروائی، تین خواتین مسافر آف لوڈ، ندا اور گلناز جرمنی کے اسٹوڈنٹ ویزوں پر سفر کر رہی تھیں جبکہ اقصیٰ جرمن ریزیڈنس پرمٹ کی حامل تھی، ایف آئی اے حکام

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) امیگریشن کراچی نے جرمنی جانے والی تین خواتین مسافروں کو مشکوک اور مبینہ جعلی تعلیمی دستاویزات کے استعمال کے الزام میں آف لوڈ کرتے ہوئے مزید قانونی کارروائی کے لیے تحویل میں لے لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق آف لوڈ کی جانے والی خواتین میں ندا، گلناز اور اقصیٰ شامل ہیں۔ ندا اور گلناز جرمنی کے اسٹوڈنٹ ویزوں پر سفر کر رہی تھیں جبکہ اقصیٰ جرمن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

داد و میں جلد ایئر ایمبولینس سروس شروع کرینگے، رفیق جمالی

جدید ٹراما سینٹر کا سنگ بنیاد، شہریوں کو صحت کی سہولت میسر آئے گی، رکن قومی اسمبلی کی طارق قادر لاکھیر کے ہمراہ گفتگو

داد و (بزنس رپورٹر) داد و میں نئی ایمرجنسی سروسز آپریشنل ہیں اور 1122 ایمبولینس سروس کا افتتاح کر دیا گیا۔ محکمہ صحت حکومت سندھ کے مرکزی ادارے برائے ہنگامی طبی خدمات نے ضلع داد و میں اپنی نئی ایمرجنسی سروسز آپریشنل ہیں کا باقاعدہ افتتاح کر دیا جبکہ شہید مخدوم بلاول ہیلتھ یونٹ پر 1122 ایمرجنسی ایمبولینس سروس کا بھی آغاز کر دیا گیا۔ اس موقع پر جدید ٹراما سینٹر کا سنگ بنیاد بھی رکھا گیا جس سے ضلع میں صحت کی سہولیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

داؤد اسپورٹس نے پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا

یونائیٹڈ اسپورٹس کو شکست کا سامنا، نوید خان، صائم رئیس اور شیراز علی کی سنچریاں اور اعجاز فاروقی نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے، جمیل احمد

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پی سی بی کی ہدایت پر اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون دو کے زیر اہتمام منعقدہ پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں داؤد اسپورٹس نے یونائیٹڈ اسپورٹس کو 121 رنز سے شکست دیکر ٹورنامنٹ جیتنے کا اعزاز حاصل کرلیا اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی پروفیسر اعجاز فاروقی سابق صدر کے سی سی اے اور سابق ممبر بورڈ آف گورنرز پی سی بی تھے تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

بجٹ تاجروں اور صنعتکاروں کیلئے ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ثابت ہوگا، حنیف عباسی

معروف تاجر زاہد بختاوری کو راولپنڈی کینٹ بورڈ کا نائب صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرنے آیا ہوں، وفاقی وزیر ریلوے

سیکریٹری جنرل یو بی جی ظفر بختاوری کی رہائشگاہ پر اپنے اعزاز میں دیئے گئے پرتکلف عشائیے میں تاجروں وصنعتکاروں سے اہم گفتگو

طارق صادق، خالد جاوید، ڈاکٹر حسن سروش، احسن بختاوری، وقار بختاوری، عزیز بختاوری، خالد اقبال ملک موجود، زاہد بختاوری کا اظہار تشکر

اسلام اباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ بجٹ تاجروں اور صنعتکاروں کے لیے ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ثابت ہوگا، کوئی بھی ملک صنعت کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا، ہمیشہ کاروباری برادری کے مسائل کو وزیراعظم کے سامنے پیش کیا، گزشتہ دو سالوں میں بجلی کے نرخوں میں کمی آئی ہے اور معاشی اشاریے بہتری کی طرف جا رہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹری جنرل یو بی جی ظفر بختاوری کی رہائش گاہ پر زاہد بختاوری کو راولپنڈی کینٹ بورڈ کا نائب صدر منتخب ہونے کی مبارکباد دینے کے موقع پر اپنے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ کیشر کا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر چیئرمین فاؤنڈر گروپ آئی سی سی آئی طارق صادق، سابق چیئرمین خالد جاوید، سابق چیئرمین خالد اقبال ملک، سابق صدر آئی سی سی آئی زاہد مقبول، سابق صدر آر سی سی آئی ڈاکٹر حسن سروش، ممتاز تاجر رہنما واجد ایوب، عابد بختاوری، سابق سینئر نائب صدر آر سی سی آئی حمزہ سروش، سابق صدر آئی سی سی آئی احسن ظفر بختاوری، سابق صدر چکوال چیمبر وقار بختاوری، عزیر بختاوری بھی موجود تھے، اپنی بات چیت میں حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان نے خطے میں ایک پرامن اور مستحکم ملک کے طور پر اپنی پہچان مضبوط کی ہے اور اب دنیا یہ تسلیم کر رہی ہے کہ پاکستان ایک اہم اور بااعتماد ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی اصل طاقت اس کے عوام اور کاروباری برادری ہے، اور ہمیں ملک کی معاشی بہتری کو حقیقی معاشی فائدے میں تبدیل کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آپ کا اپنا گھر ہے، اس لیے یہاں سے حاصل ہونے والی سرمایہ کاری کو دوبارہ ملک میں لایا جائے تاکہ معیشت مزید مستحکم ہو۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں پاکستان کا مقام تیزی سے بہتر ہوا ہے اور آج مختلف عالمی طاقتیں پاکستان کو ایک اہم ثالث کے طور پر قبول کر رہی ہیں، جو ایک بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ، چین، روس، امریکہ، یورپی یونین، وسط ایشیا، ایران اور سعودی عرب سمیت کئی ممالک پاکستان کے کردار کو تسلیم کر رہے ہیں، جو پہلے کبھی اس سطح پر نہیں تھا، انہوں نے کہا کہ بختاوری فیملی کے ساتھ ان کے تعلقات دہائیوں پر محیط ہیں جبکہ ظفر بختاوری ان کے بڑے بھائی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زاہد بختاوری کی بطور نائب صدر کینٹ چیمبر انتخاب ایک بہترین اور مثبت فیصلہ ہے، احسن ظفر بختاوری نے کہا کہ حنیف عباسی نے ہمیشہ کاروباری برادری کے ساتھ شفقت اور تعاون کا رویہ رکھا ہے۔

بلاول کا شگر (گلگت بلتستان) میں عظیم الشان جلسے سے خطاب، عوامی سمندر امڈ آیا

آپ لوگوں نے گزشتہ تین نسلوں سے پیپلز پارٹی کا ساتھ دیا، شہید بھٹو نے جی بی عوام کو سبسڈی دی آج تک قائم ہے

پی پی امیدوار عمران ندیم کے زبردست انتظامات، زندہ ہے بھٹو زندہ ہے کے فلک شگاف نعرے چاروں طرف گونج اٹھے

گزشتہ انتخابات میں جی بی سے ہماری 9 سیٹیں چھینی گئیں تھیں، اب کوئی مائی کا لال ایسا نہیں کر سکتا، ہم دیکھ لینگے، چیئرمین پی پی

شگر (بزنس رپورٹر) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے شگر (گلگت بلتستان) میں پیر کے روز ایک عظیم الشان جلسے سے خطاب کیا جس کے انتظامات شگر کے حلقے سے پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار عمران ندیم نے کئے تھے۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین بلاول نے کہا کہ آج وہ شگر کے عوام کے پاس واپس آئے ہیں اور ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے گزشتہ تین نسلوں سے پیپلز پارٹی کا ساتھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ان پہاڑوں پر کھڑا ہو کر کہہ سکتا ہوں کہ "زندہ ہے بھٹو، زندہ ہے"۔ انہوں نے کہا کہ یہ نعرہ مخالفین دبانا چاہتے تھے مگر شگر کے عوام نے مخالفین کے ارادوں کو ناکام بنا دیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے 1973ء کا آئین دیا اور جب انہوں نے شگر اور جی بی کے عوام کا ساتھ مانگا تو عوام نے بڑھ چڑھ کر ان کا ساتھ دیا۔ اس ملک کے عوام نے انہیں پہلا براہِ راست وزیراعظم منتخب کیا تو انہوں نے ملک کو ایٹمی قوت بنا دیا۔ انہوں نے ہمیشہ کمزور طبقے کا ساتھ دیا جب وہ یہاں آئے تو انہوں نے شگر اور جی بی کے عوام کی غربت دیکھی تو انہوں نے ان کی قسمت بدلنے کا پروگرام دیا۔ شہید قائد عوام کا سب سے بڑا کارنامہ جی بی کے عوام کو سبسڈی کا تحفہ تھا جو آج تک جاری ہے اور اسی کی وجہ سے یہاں کے عوام کو پٹرول اور گندم اسی قیمت پر ملتے ہیں جس قیمت پر کراچی میں۔ انہیں شہید کر کے یہ سمجھا گیا تھا کہ غریب کی آواز دبا دیں گے تو کسان، مزدور عوام کے حقوق اور جمہوریت کے لئے بولنے والا کوئی نہیں رہے گا لیکن یہ ان کی بھول تھی۔ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے 30 سال تک عوام کے ساتھ مل کر عوامی حقوق کی جدوجہد کی۔ وہ مسلم دنیا کی پہلی خاتون وزیراعظم منتخب ہوئیں اور ملک کے عوام نے انہیں دو مرتبہ وزیراعظم منتخب کیا۔ چیئرمین بلاول نے کہا کہ دنیا پاکستان کو شہید بی بی کے نام سے جانتی ہے اور بطور وزیر خارجہ وہ جہاں بھی گئے انہیں عزت صرف اس وجہ سے نہیں ملی کہ وہ کم عمر ترین وزیر خارجہ تھے بلکہ اس وجہ سے کہ وہ شہید بی بی کے بیٹے اور قائد عوام کے نواسہ ہیں۔ اور اس وجہ سے بھی کہ میں پاکستان کے عوام کا نمائندہ ہوں۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وہ ایک مرتبہ پھر شگر کے عوام کا ساتھ مانگنے آیا ہوں اور آپ نے کبھی مایوس نہیں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں گزشتہ انتخابات کے موقع پر کیا گیا استقبال یاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ پوری پی ڈی ایم کو ناراض کر کے آئے تھے کیونکہ اس وقت بلوچستان میں پی ڈی ایم کا جلسہ ہو رہا تھا لیکن وہ شگر کے عوام کے پاس آئے۔